India-Turkmenistan Foreign Office Consultations

January 13, 2021

ہندوستان - ترکمانستان کے دفتر خارجہ کے مابین باہمی مشاورت

13 جنوری، 2021

ہندوستان اور ترکمانستان کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق چوتھے دور کی مشاورت کا انعقاد 13 جنوری 2021 کو ورچوئل طریقے سے کیا گیا۔ ہندوستانی فریق کی قیادت جناب وکاس سواروپ، سکریٹری (مغرب) کر رہے تھے، جبکہ ترکمان فریق کی قیادت ترکمنستان کے نائب وزیر برائے امور خارجہ عالی جناب ویپا حاجیوف نے کی۔

اس مشاورت نے باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر جامع جائزہ لینے کا ایک موقع فراہم کیا، جس میں سیاسی، معاشی، تجارتی، دفاع، سائنسی، ثقافتی، تعلیم اور قونصلر تعاون شامل ہیں۔

دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا، اور اقوام متحدہ اور کثیر الجہتی میدان میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

یہ بات چیت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ باہمی سہولت کے حساب سے متعینہ تاریخ پر دفتر خارجہ کی مشاورت کا 5 واں دور منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

نئی دہلی

13 جنوری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.